مکتب میں پڑھنے والے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے

۱ نورانی قاعدہ ۲ ایمانیات و عبادات ۳ احادیث و مسنون دعائیں

۴ سیرت و اخلاق و آداب ۵ عربی اور اُردو زبان

پر مشتمل ایک مختصر اور آسان نصاب

جمع و ترتیب

علماءِ کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم

دُعائیہ کلمات

حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم

رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

زیرِ سرپرستی

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم

صدر دار العلوم کراچی

01500415

کتاب کا نام : تربیتی نصاب (حصہ اوّل) برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)

تاریخ اشاعت : اپریل 2015ء

کمپوزنگ و ڈیزائننگ : محمد جنید اقبال، عبید اشفاق

ناشر : مکتب تعلیم القرآن الکریم

- **مکتب تعلیم القرآن الکریم**
  C-1 کاسموپولیٹن سوسائٹی، بالمقابل سہوانی کلب، گرومندر کراچی۔
  ای میل: maktab2006@hotmail.com

- **مدرسہ بیت العلم**
  ST-9E بلاک نمبر 8، گلشن اقبال، عقب مسجد بیت المکرم کراچی
  فون: 92-21-34976073+ فیکس: 92-21-34976339+

- مکتبہ بیت العلم اردو بازار کراچی۔ فون: 021-32726509

کتاب کی معلومات کے لیے رابطے نمبر

کراچی: 0333-3204104 — سندھ: 0322-2061640

لاہور: 0321-4066762 — پنجاب: 0300-2298536

بلوچستان: 0323-2465366 — خیبرپختونخواہ: 0323-2163507

مکتب کے دفتر کا نمبر: 0332-2154190

اوقات: صبح 8:00 بجے تا 5:00 بجے شام (علاوہ اتوار)

جدید اصلاح شدہ ایڈیشن

تربیتی نصاب (حصہ اوّل)

برائے مکاتِب قرآنیہ (ناظرہ)

مکتب میں ناظرہ قرآن کریم پڑھنے والے بچوں کی تعلیم و تربیت
کے لیے ایک مختصر اور آسان نصاب

طالب علم/طالبہ کا نام: .... ولدیت: ....

مکتب کا نام: .... مُعلّم/مُعلّمہ کا نام: ....

زیرِ سرپرستی
حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم
صدر دارالعلوم کراچی

دُعائیہ کلمات
حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم
رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکمل نصاب کا اجمالی خاکہ

افتتاحی اجتماع	حمد و نعت	پانچ (۵) حمد اور پانچ (۵) نعتیں۔
قرآن کریم	قاعدہ	مکمل نورانی قاعدہ مع ضروری قواعد۔
	ناظرہ	ناظرہ قرآن کریم مکمل مع قواعد اجراء۔
	حفظ سورۃ	سورۂ فاتحہ، نصف عَمَّ پارہ اور آیت الکرسی۔
ایمانیات و عبادات	اسمائے حسنیٰ	اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ترجمے کے ساتھ۔
	عقائد	کلمے، ایمان مجمل، ایمان مفصل، عقائد کی درستگی سے متعلق اہم اور بنیادی باتیں۔
	طہارت و نماز	استنجا، وضو اور غسل کا طریقہ، مکمل نماز اور نماز کے تفصیلی احکام۔ زکوۃ، روزہ، حج اور اعتکاف کے اہم اور بنیادی مسائل۔
احادیث و مسنون دعائیں	احادیث	چالیس (۴۰) احادیث مبارکہ ترجمے کے ساتھ۔
	مسنون دعائیں	نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مختلف مواقع اور اوقات میں پڑھی جانے والی منقول پچاس (۵۰) مسنون دعائیں حفظ۔
سیرت، اخلاق و آداب	سیرت	نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے وفات تک کی مبارک زندگی اور خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زندگی کے مختصر حالات۔
	اخلاق و آداب	اسلامی طرز زندگی، اخلاق و آداب اور روزمرہ کی سنتوں پر مشتمل پچیس اسباق۔
زبان	عربی زبان	عربی میں گنتی، دنوں اور مہینوں کے نام، روزمرہ استعمال ہونے والی چیزوں کے نام، چھوٹے چھوٹے جملے اور گفتگو۔
	اردو زبان	اردو زبان ابتدا سے پڑھنا اور اردو زبان میں سوالات و جوابات پر مشتمل دین اسلام اور اسلامی شخصیات سے متعلق اہم معلومات اور انبیا عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ کے واقعات۔
بیان	بیان و دعا	سات (۷) بیان اور تیرہ (۱۳) قرآنی دعائیں۔

تربیتی نصاب حصہ اوّل کا خاکہ

قرآن کریم	نورانی قاعدہ	مکمل نورانی قاعدہ، نقطے، الف سے یا تک حروف کی پہچان، موٹے حروف، نرم حروف، سیٹی والے حروف، مرکبات، حرکات، تنوین، کھڑی حرکات، جزم، حروف مدہ، حروف لین۔۔۔۔الی آخرہ۔
	حفظ سورۃ	سُوْرَةُ الْفَاتِحَة، سُوْرَةُ الْإِخْلَاصِ، سُوْرَةُ الْفَلَقِ اور سُوْرَةُ النَّاسِ۔
ایمانیات و عبادات	عقائد	کلمۂ طیبہ، کلمۂ شہادت، اللہ تعالیٰ، اسمائے حسنیٰ "اَلرَّحْمٰنُ" سے "اَلْبَارِئُ" تک، ہمارا دین۔
	طہارت	وضو کا طریقہ۔
	نماز اور مسائلِ نماز	نماز کی اہمیت و فضیلت، کلمات نماز ترجمے کے ساتھ، نماز پڑھنے کا طریقہ، عورتوں کی نماز کا طریقہ۔
احادیث و مسنون دعائیں	آٹھ احادیث ترجمے کے ساتھ	• بھائی چارگی • سلام پھیلانا • غصے کی ممانعت • صحیح رکوع وسجدہ • کھانے کا اہم ادب • صلہ رحمی کا حکم • مدد صرف اللہ تعالیٰ سے مانگنا • ظلم کی ممانعت
	مسنون دعائیں	خاص خاص موقعوں پر کہے جانے والے اذکار، کھانے سے پہلے کی دعا، کھانے کے شروع میں "بسم اللہ" پڑھنا بھول جائیں تو یہ پڑھیں، کھانے کے بعد کی دعا، دودھ پینے کے بعد کی دعا، سونے کی دعا، سوکر اٹھنے کے بعد کی دعا، علم میں اضافے کی دعا، وضو کے درمیان کی دعا، وضو کے بعد کی دعا۔
سیرت و اخلاق و آداب	سیرت	ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش، پرورش، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی چند عادات مبارکہ۔
	چوبیس گھنٹے کے مسنون اعمال اخلاقیات و آداب	تَعَوُّذ، تَسْمِيَة، سلام، والدین کا ادب، پینے، کھانے اور سونے کے آداب۔
زبان	عربی	عربی میں ایک سے ۲۰ تک گنتی، دنوں کے نام، قمری اور شمسی مہینوں کے نام۔
	اردو	حروف کی پہچان، دوحرفی، تین حرفی، چار حرفی اور پانچ حرفی الفاظ، الف مد کے ساتھ۔
بیان	بیان و دعا	ایک بیان اور دو قرآنی دعائیں۔

فہرست مضامین

فہرست

دعائیہ کلمات

حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مَدَّظِلُّهُ الْعَالِي

رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن، کراچی

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ! جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن، جامعہ دارالعلوم (کراچی) اور جامعہ فاروقیہ کے فضلاء کرام نے ناظرہ قرآن کریم پڑھنے والے طلبا/ طالبات کے لیے ایک "تربیتی نصاب" بنایا ہے۔

اُمید ہے کہ اس سے اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بچوں کی اچھی تعلیم وتربیت ہوگی۔

مساجد کی کمیٹی کے ذمہ داران.... ائمہ مساجد اور مہتممینِ مدارس سے گزارش ہے کہ جو بچے مکاتب میں ناظرہ قرآن کریم پڑھنے کے لیے آتے ہیں ان میں اس نصاب اور اس نظام کو رائج فرمائیں، اس سے اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بچے/ بچیوں کی اچھی تربیت ہوگی۔

دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس محنت کو قبول فرمائے۔ ہر گاؤں، دیہات، محلے اور ہر مسجد میں اس ترتیب کو قائم فرمائے اور والدین کے بھی دین پر آنے کا ذریعہ بنائے۔

معلّمین، معلّمات کے لیے یہ حضرات جو کورسز کرائیں اس میں اخلاص، عافیت اور قبولیت عطا فرمائے۔ اٰمِیْن یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

تقریظ

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مَدَّ ظِلُّهُ الْعَالِی

صدر جامعہ دار العلوم کراچی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِیْمِ ...... اَمَّا بَعْدُ!

''مکتب تعلیم القرآن الکریم'' کی طرف سے شائع کیے گئے ''تربیتی نصاب (حصہ اوّل)'' کا تفصیلی مطالعہ تو نہ ہوسکا، لیکن متفرق مقامات دیکھنے سے ہی بہت خوشی ہوئی، بچوں کی تربیت کے لیے اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بہت مفید ہوگا۔ اگر مکاتب قرآنیہ میں اس کتاب کو داخل نصاب کردیا جائے تو یہ ان کم عمر بچوں کے لیے بہت بڑا تحفہ ہوگا اور اِنْ شَآءَ اللّٰهُ ان کی کردار سازی میں معاون ہوگا۔

اللہ تعالیٰ اس کتاب سے ہماری نئی نسل کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچائے اور اس کے مرتّب کرنے والے حضرات کی مخلصانہ خدمت قبول فرماکر اجرِ عظیم سے نوازے اور مکاتبِ قرآنیہ کے اساتذہ و منتظمین کو توفیق دے کہ اسے بچوں کی تربیت کے لیے استعمال کریں۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ

تقریظ

حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مَدَّ ظِلُّهُ الْعَالِي

استاذ الحدیث، نائب مہتمم وناظمِ تعلیمات جامعہ اشرفیہ لاہور

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

اس پُرفتن دور میں میڈیا نے اس منظم انداز سے معصوم بچوں اور بچیوں کے ایمان کو تباہ و برباد کرنا شروع کیا ہے کہ اسلام کے نام پر بنے ملکِ پاکستان میں والدین اور سرپرستوں کے لیے نسلِ نو کے ایمان کی حفاظت سب سے بڑا چیلنج بن گیا ہے۔ اب والدین اور سرپرستوں کی سب سے بڑی ذمے داری یہ ہے کہ وقت کے اس چیلنج کا ایمانی قوت، ہمت و جرأت کے ساتھ مقابلہ کریں۔

ہماری مساجد و مکاتبِ قرآنیہ کا جو سلسلہ ایک عرصے سے چلا آرہا ہے، یہ ایک بہترین ذریعہ ہے کہ یہاں تھوڑے سے وقت میں ان بچوں کے دلوں میں ایمانی چراغ روشن کیا جاسکتا ہے، ان مکاتب میں بچوں کو پڑھانے کے لیے ترتیب دی گئی کتاب ''تربیتی نصاب'' کا احقر نے مطالعہ کیا اور اصلاح کا ایک بہترین ذریعہ اور وسیلہ پایا۔

یہ کتاب آسان اور خوب صورت انداز میں ترتیب دی گئی ہے اور بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اگر اس کے پڑھانے والے اساتذۂ کرام ایمان، اخلاق اور عبادات کو صحیح تربیتی انداز سے سکھائیں تو یہ تمام شرور اور فتنوں سے بچنے کا کام یاب ذریعہ ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائے جنھوں نے اس کتاب کو اس خوب صورت انداز میں مرتب اور شائع کیا ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو ملک کی تمام مساجد میں رائج فرمائے اور ملکِ پاکستان کے ایک ایک بچے اور بچی کے ایمان کی حفاظت کا ذریعہ بنائے۔ اٰمِیْن

محتاجِ دعا

مقدّمہ

''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ''

(سنن ابن ماجہ، الادب، باب فضل الحامدین، الرقم: ۳۸۰۳)

دین اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف اور صرف اسلام ہے۔ دین اسلام کی خدمت محض اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی عطا ہے۔ ہم اللہ تعالیٰ کے شکرگزار ہیں جس نے دین کی خدمت کی توفیق نصیب فرمائی۔

بچوں، بڑوں، مردوں اور عورتوں کی دنیا وآخرت کی کامیابی اور نجات قرآن کریم کی تعلیمات اور دین اسلام پر عمل کرنے میں ہے۔ قرآن کریم صحیح تجوید کے ساتھ پڑھنا، قرآن کریم پر عمل کرنا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے، اس کے ساتھ ساتھ اپنے بچوں کو بچپن سے قرآن کریم صحیح تجوید کے ساتھ پڑھنا سکھانا اور بچپن سے بچوں کی دینی تعلیم وتربیت کی فکر کرنا تمام والدین اور سرپرستوں کی سب سے بڑی ذمے داری ہے۔

بقول شخصے: ''بچپن کی تربیت پچپن تک کام آتی ہے۔''

شاعر کہتا ہے:

قَدْ يَنْفَعُ الْاَدَبُ الْاَوْلَادَ فِيْ صِغَرٍ ۔۔۔ وَلَيْسَ يَنْفَعُهُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ اَدَبُ

اِنَّ الْغُصُوْنَ اِذَا عَدَّلْتَهَا اِعْتَدَلَتْ ۔۔۔ وَلَا تَلِيْنُ وَلَوْ لَيَّنْتَهُ الْخَشَبُ

ترجمہ: ''تحقیق بچوں کو بچپن میں ادب سکھانا فائدہ مند ہوتا ہے اور اس کے بعد ان کو ادب سکھانے کا کچھ فائدہ نہیں ہوتا، اگر آپ ٹہنیوں کو سیدھا کرنا چاہیں تو سیدھی ہو جائیں گی لیکن لکڑی کو آپ نرم بھی کرنا چاہیں تب بھی نرم نہیں ہوتی۔''

تمام والدین کو چاہیے کہ بچپن سے اپنے بچے/بچیوں کو قرآن کریم صحیح پڑھانے کے لیے اور ان کی دینی تعلیم وتربیت کے لیے بچوں کو لڑکوں کے مکتب میں اور بچیوں کو لڑکیوں کے مکتب میں بھیجیں تاکہ یہ بڑے ہو کر قرآن کریم صحیح پڑھ سکیں، دین اسلام سے محبت کریں، اس پر عمل کریں، گمراہی اور فتنے سے محفوظ رہیں۔

مفتی اعظم پاکستان حضرت مفتی ولی حسن صاحب ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے:

''اِنْ شَآءَ اللّٰہُ مکتب میں پڑھنے والا بچہ کبھی بے دین نہیں ہوگا۔''

اسی مقصد کو حاصل کرنے کے لیے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور اس کی دی ہوئی توفیق سے ''اساتذہ کرام

مکتب تعلیم القرآن الکریم'' نے ناظرہ قرآن کریم پڑھنے والے بچوں اور بچیوں کے لیے ''تربیتی نصاب'' کے نام سے زیرِ نظر ''تربیتی نصاب حصہ اوّل'' سمیت چھ حصوں پر مشتمل نصاب مرتب کیا ہے اور روزانہ اس کی پڑھائی کے لیے صرف ڈیڑھ گھنٹے کا وقت مقرر کیا ہے۔ اس نصاب کو مکمل کرنے پر اِنْ شَآءَ اللّٰهُ ہر بچہ/ بچی یہ سیکھ لے گا۔

۱ نورانی قاعدہ، ناظرہ قرآن کریم مکمل، سورۃ الفاتحہ، عَمَّ پارہ آدھا اور آیت الکرسی حفظ۔

۲ کلمے، اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام، دین کے ضروری اور بنیادی عقائد اور مسائل۔

۳ نماز کا مفصل طریقہ۔

۴ چالیس احادیث مبارکہ اور پچاس مسنون دعائیں۔

۵ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی سیرت۔

۶ اخلاق و آداب کے پچیس اسباق۔

۷ ابتدائی عربی، اردو زبان اور دین اسلام سے متعلق اہم معلومات۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! ''تربیتی نصاب حصہ اوّل'' پیش خدمت ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اسے شرف قبولیت عطا فرمائے۔ آمین

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّآ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

عاجزانہ درخواست: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! ''تربیتی نصاب، حصہ اوّل'' مدرسہ عربیہ رائے ونڈ، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی، جامعہ دارالعلوم، جامعہ فاروقیہ، جامعہ اشرفیہ لاہور اور دیگر مدارس کے علمائے کرام کی زیر نگرانی مرتب کیا گیا ہے۔ ان سب مدارس کو اور مکتب تعلیم القرآن الکریم کے اساتذہ، معاونین کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیے گا۔ اس سے اِنْ شَآءَ اللّٰهُ آپ کو بھی فائدہ ہوگا۔

حدیث شریف میں آتا ہے:

''مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَدْعُوْ لِاَخِيْهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ اِلَّا قَالَ الْمَلَكُ وَلَكَ بِمِثْلٍ''

(صحیح مسلم، الذکر، باب فضل الدعاء للمسلمین بظہر الغیب، الرقم: ۷۰۲۶)

ترجمہ: ''جو کوئی مسلمان اپنے بھائی کے لیے اس کی عدم موجودگی میں (غائبانہ) دعا کرے تو ایک فرشتہ کہتا ہے: ''تیرے لیے بھی ایسا ہی ہو۔''

آپ حضرات سے مودبانہ درخواست ہے جہاں غلطی نظر آئے ضرور مطلع فرمائیں۔

از

احباب مکتب تعلیم القرآن الکریم

نصاب کی خصوصیات

١. کم از کم روزانہ ڈیڑھ گھنٹے کا مختصر نصاب جسے طلبا و طالبات دوسری مصروفیات کے ساتھ آسانی سے پڑھ سکتے ہیں۔
٢. یہ نصاب ابتدائیہ سمیت چھ حصوں پر مشتمل ہے۔
٣. یہ نصاب ایک مکمل نظام کے ساتھ مربوط ہے۔
٤. ہر سبق کو پڑھانے کے لیے دنوں اور مہینوں کو متعین کر دیا گیا ہے تاکہ اساتذہ کرام کو پڑھانے میں آسانی ہو۔
٥. جس سال میں جو اسباق پڑھائے جائیں گے اس کا خاکہ دیا گیا ہے اور مکمل نصاب کا اجمالی خاکہ بھی دیا گیا ہے۔
٦. ہر مضمون کے شروع میں اس کی مفہومی تعریف لکھی گئی ہے تاکہ طلبا/ طالبات کے سامنے مضمون کا تعارف اچھی طرح ہو جائے۔
٧. بِحَمْدِ اللہِ الفاظ، انداز اور مواد بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق ہے۔
٨. زبانی یاد کرائی جانے والی باتوں پر یہ "📖" علامت اور سمجھائی جانے والی باتوں پر یہ "☆" علامت لگائی گئی ہے۔
٩. ہر مضمون کو الگ رنگ دیا گیا ہے اور ہر مضمون کا رنگ دوسرے مضمون سے جدا ہے تاکہ ایک مضمون پڑھنے کے بعد دوسرا مضمون پڑھنے کے لیے کتاب میں تلاش کرنا آسان ہو۔
١٠. ہر اگلے سال میں گزشتہ سال میں یاد کرائی گئی سورتوں.... اسمائے حسنیٰ.... احادیث.... مسنون اذکار اور مسنون دعاؤں کی دہرائی کرائی گئی ہے تاکہ یہ یاد رہیں۔
١١. کتاب کے آخر میں ہر مہینے کے سوالات دیے گئے ہیں۔
١٢. اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ! کتاب کے آخر میں حوالہ جات بھی دیے گئے ہیں تاکہ بات مستند ہو۔
١٣. نصاب کے آخر میں نماز کی ڈائری موجود ہے تاکہ بچپن ہی سے نماز جیسی اہم عبادت کی عادت ہو۔
١٤. نصاب کے آخر میں رمضان چارٹ بھی دیا گیا ہے تاکہ بچپن سے رمضان المبارک میں روزوں اور اعمال کا اہتمام پیدا ہو۔
١٥. نصاب میں اس بات کی رعایت کی گئی ہے کہ بچہ/ بچی مکتب سے روزانہ کوئی نہ کوئی عملی بات سیکھے جس سے اس کو مکتب آنے میں دل چسپی بڑھے اور والدین کو بھی ترغیب ہو۔

ہدایات برائے معلّمین/معلّمات

اس نصاب کی ترتیب اور نظام اچھی طرح سمجھ لینا ضروری ہے اس لیے کہ یہ نصاب ایک نظام کے ساتھ مرتب کیا گیا ہے اور اس سے مکمل فائدے کے لیے نظام و نصاب کی رعایت ضروری ہے۔

1. اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اس سلسلے میں ادارہ ''مکتب تعلیم القرآن الکریم'' میں اساتذہ کرام کے لیے تین اور معلمات کے لیے ایک روزہ تربیتی نشست رکھی جاتی ہے، جس میں بورڈ پر قاعدہ پڑھانے کا طریقہ، تربیتی نصاب پڑھانے کا طریقہ، نبوی طریقۂ تعلیم، نبوی طریقۂ تربیت، بچوں کی نفسیات اور عملی تربیت کرنے کے طریقے بتائے جاتے ہیں۔
   تمام اساتذہ کرام اور معلّمات سے درخواست ہے کم از کم ایک مرتبہ تربیتی نشست میں ضرور شرکت فرمائیں۔
2. اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! ادارہ ''مکتب تعلیم القرآن الکریم'' کے تحت مکاتب کے اساتذہ کرام لیے تجوید کورس کا نظم بنایا جاتا ہے جس میں نورانی قاعدہ مکمل ہجے، رواں کے ساتھ پڑھانے کا طریقہ بھی سکھایا جاتا ہے۔
3. اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اساتذہ کرام/معلمات کی تعلیم موثر بنانے کے لیے ''بچوں کی تربیت اور معیاری مکتب کے راہ نما اصول'' کے نام سے ایک کتاب مرتب کی گئی ہے جس میں ان کے لیے نظام، نصاب، طریقۂ تعلیم اور عملی تربیت کا طریقہ کار ذکر کیا گیا ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ یہ کتاب اساتذہ کرام/معلّمات کے لیے بہترین معاون ہے۔
4. نورانی قاعدہ سے متعلق اہم تعلیمی ہدایات، ہر سبق کا مقصد، بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ اور ہر سبق سے متعلق ضروری ہدایات پر مشتمل ''نورانی قاعدہ بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ'' کے نام سے ایک کتاب مرتب کی ہے۔ اساتذہ کرام روزانہ اس کا مطالعہ کر کے اس کے مطابق سبق پڑھائیں تو امید ہے اِنْ شَآءَ اللّٰہ طلبا/ طالبات میں نمایاں کارکردگی آئے گی۔
5. تمام طلبا کو اجتماعی طور پر پڑھائیں۔
6. جو سبق پڑھائیں اس کی عملی مشق کرائیں، خاص طور پر وضو اور نماز کی عملی مشق ضرور کرائیں۔

تعلیمی ایام

1. اس نصاب میں ہر مضمون سے متعلق دس اسباق دیے گئے ہیں ہر سبق ایک ماہ میں پڑھائیں۔ اس طرح دس ماہ میں یہ نصاب مکمل ہوگا۔ بقیہ دو ماہ رمضان، عید الفطر، عید الاضحیٰ وغیرہ کی تعطیل کے ہوں گے۔
2. اگر کسی مہینے کا نصاب کسی مضمون میں جلد مکمل ہو جائے تو اس کا بقیہ وقت دوسرے مضامین کے لیے استعمال کریں تاکہ ہر مہینے کا نصاب تمام مضامین میں ایک ساتھ رہے اور کتاب ایک ساتھ ختم ہو۔
3. اس نصاب میں ہر مہینے کی پڑھائی، دہرائی، ماہانہ جائزہ، بزم اور تعطیل کے دن متعین کیے گئے ہیں۔
4. ہر مہینے میں بیس دن پڑھائی کے بعد، تین دن دہرائی کے، دو دن ماہانہ جائزے، ایک دن بزم اور باقی چار دن ہفتہ وار چھٹی کے ہوں گے۔

پڑھائی	20 دن
دہرائی	3 دن
جائزہ	2 دن

بزم	ایک دن
تعطیل	4 دن
کل	30 دن

5. بزم والے دن پڑھائے گئے اسباق میں سے طلبا/ طالبات کا آپس میں سوال و جواب کی صورت میں تقریری مقابلہ کرائیں۔

خانوں میں دستخط کی ترتیب:

1. ہر سبق کے لیے جو دن متعین ہیں ان کو صفحے کے آخر میں لکھ دیا گیا ہے۔
2. سبق کے ختم پر دستخط کے خانوں پر دستخط کردیں اور طلبا/ طالبات کو اس بات کا پابند کریں کہ اپنے سرپرست سے بھی دستخط کرائیں۔

غیر حاضر طلبا/ طالبات کی ترتیب:

غیر حاضری کی وجہ سے طالب علم کا جتنا سبق رہ گیا اس کے متعلق غور فرمالیں، اگر وہ سبق ایسا ہے کہ اس کے بغیر اگلا سبق سمجھ نہیں آسکتا تو اس کو انفرادی طور پر پڑھالیں، جیسے نورانی قاعدہ کا سبق اور اگر ایسا سبق ہے کہ اس کے بغیر بھی اگلا سبق سمجھ آجائے گا تو اس کو چھوڑ دیں تاکہ اجتماعیت باقی رہے اور اس چھوٹے ہوئے سبق کو دہرائی کے دنوں میں یاد کرانے کی کوشش کریں۔

نظام الاوقات

1. نصاب میں شامل مضامین میں سے نورانی قاعدہ تجوید کے ساتھ روزانہ پڑھائیں، بقیہ چار مضامین کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک دن ایمانیات وعبادات اور احادیث ومسنون دعائیں اور دوسرے دن سیرت واخلاق وآداب، عربی اور اردو زبان کا مضمون پڑھائیں۔
2. مضامین کے پڑھانے کے لیے اوقات مقرر ہیں۔ جن کی تفصیل یہ ہے:

ایک دن پڑھایا جائے	اوقات
افتتاحی اجتماع (حمد)	۵ / منٹ
نورانی قاعدہ	۶۰ / منٹ
ایمانیات وعبادات	۱۰ / منٹ
احادیث ومسنون دعائیں	۱۰ / منٹ

دوسرے دن پڑھایا جائے	اوقات
افتتاحی اجتماعی (نعت)	۵ / منٹ
نورانی قاعدہ	۶۰ / منٹ
سیرت واخلاق وآداب	۱۰ / منٹ
زبان (عربی اور اردو)	۱۰ / منٹ

نوٹ: بقیہ وقت میں (۱) نماز کی ڈائری دیکھیں (۲) آج جو پڑھایا گیا ہے اس پر عمل کرنے کی ترغیبی بات (۳) گزشتہ کل کی مختصر کارگزاری سنیں۔

☆ نیز مضامین کے لیے جو اوقات دیے گئے ہیں ان میں کمی اور اضافے کی گنجائش ہے۔

☆ آٹھویں، نویں اور دسویں مہینے میں اسباق کے آخری چار دن نورانی قاعدہ پڑھانے کے بجائے سورتیں یاد کرائیں۔

حمد

حمد: نظم کے انداز میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنے کو "حمد" کہتے ہیں۔

سب سے برتر نام اللہ
سب سے بہتر نام اللہ
سب کا سہارا نام اللہ
کتنا پیارا نام اللہ
جو بھی پکارے نام اللہ
اُس کے سنوارے کام اللہ
آنکھوں کو یہ ٹھنڈک بخشے
دل کو دے آرام اللہ

☆☆☆

دنیا کی ہر ہر نعمت
تیرا خاص انعام اللہ
تیرے نور سے روشن ہوں
میرے صبح و شام اللہ
دل میں تیری یاد بسے
لب پہ تیرا نام اللہ
عاجز بندے پر کر دے
اپنی رحمت عام اللہ

نعت

نعت: جن اشعار میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کی جاتی ہے اس کو "نعت" کہتے ہیں۔

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہمارے نبی پیارے پیارے
وہ ہیں چاند اور ہم ہیں اُن کے ستارے

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پیمبر ہیں پیارے ہمارے
محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہدایت کے روشن مَنارے

خدا کے سب احکام، راہیں ہماری
نبی کے طریقے، ہمارے سہارے

وہ آئے تھے مولا کا پیغام لے کر
دیے ہم کو قرآن کے تیس پارے

سوا لاکھ تھے ان کے پیارے صحابہ
یہ گُل بوٹے سارے نبی نے سنوارے

ستایا گیا ان کو کس کس طرح سے
محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) مگر پھر بھی ہمت نہ ہارے

خدا راضی ہو جائے ہر اِنس و جن سے
محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تھے بے چین اِس غم کے مارے

''نورانی قاعدہ''

تَعَوُّذ : اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○

تَسْمِيَة : بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

سبق: ۱

نقطے

مُفردات

ا الف — ب با — ت تا — ث ثا

ت ث ب ث ب ت

ا ب ت ث

پہلے مہینے میں تین دن پڑھائیں

ا ت ج خ ب ح ت ث

ب ت ث ت ث خ ح ج

ح ج خ ث ت ج ت خ

پہلے مہینے میں دو دن پڑھائیں

د دال　ذ ذال　ر را　ز زا

ذ ر ز ر ز د

ذ ز د ذ ر ز

ذ د ذ ر ز ر

ت خ ث ج ب ر ت ا

ب ت ا خ ذ د ح ث

ز ح ذ ج د ز ر ت

پہلے مہینے میں دو دن پڑھائیں

خ خا	ح حا	ج جیم	ث ثا	ت تا	ب با	ا الف

ز زا	ر را	ذ ذال	د دال

ض ضاد	ص صاد	ش شین	س سین

ص	ض	س	ض	ص	ش
ص	ش	س	ض	ش	س

ب	ض	ر	ز	ت	ذ	ا	س
ث	خ	ج	ض	ص	ش	ح	ر
ش	ذ	ز	ب	ث	خ	د	ذ

پہلے مہینے میں دو دن پڑھائیں

د دال   ذ ذال   ر را   ز زا   س سین   ش شین   ص صاد   ض ضاد

ط طا   ظ ظا   ع عین   غ غین

ط	ع	غ	ع	غ	ط
ظ	غ	ظ	ط	ع	غ
ع	ط	ظ	ع	غ	ظ

ح	ظ	ع	خ	ث	ر	غ	ذ
ب	ط	ص	ز	ض	ج	ح	س
ذ	د	ت	ش	ب	ز	ا	ش

پہلے مہینے میں دو دن پڑھائیں

پہلے مہینے میں دو دن پڑھائیں

خ	ح	ج	ث	ت	ب	ا
خا	حا	جیم	ثا	تا	با	الف

ض	ص	ش	س	ز	ر	ذ	د
ضاد	صاد	شین	سین	زا	را	ذال	دال

ل	ك	ق	ف	غ	ع	ظ	ط
لام	كاف	قاف	فا	غین	عین	ظا	طا

و	ن	م
واو	نون	میم

م	و	م	و	ن	م
م	ن	و	م	ن	و

ب	ث	ن	ض	غ	ظ	س	ق
ت	ظ	ح	ز	ص	ا	ط	ج
و	ل	خ	م	ع	و	ك	ذ
ث	ب	ت	ف	د	ر	ش	ض

پہلے مہینے میں دو دن پڑھائیں

پہلے مہینے میں دو دن پڑھائیں

مُفردات کی مکمل تختی

ح حا	ج جیم	ث ثا	ت تا	ب با	ا الف
س سین	ز زا	ر را	ذ ذال	د دال	خ خا
ع عین	ظ ظا	ط طا	ض ضاد	ص صاد	ش شین
م میم	ل لام	ك كاف	ق قاف	ف فا	غ غین
ي يا	ء همزه	ه ها	و واو	ن نون	

① موٹے حروف سات (۷) ہیں: ان کا مجموعہ "خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ" ہے۔

ق	غ	ظ	ط	ض	ص	خ

② نرم حروف تین (۳) ہیں:

ظ	ذ	ث

③ سیٹی والے حروف تین (۳) ہیں:

ص	س	ز

④ ہم آواز حروف

ق ك	ع ء	ح ه	ث س ص	ذ ز ض ظ	ت ط

	دستخط سرپرست		دستخط معلم/معلمہ	پہلے مہینے میں تین دن پڑھائیں

سبق:۲ مرکبات

دوسرے مہینے میں سات دن پڑھائیں

سـ شـ صـ ضـ	س	ش	ص	ض	سل	شل
	بس	يس	نص	تض	ضل	بصر

ط ظ	ط	ظ	ثط	ظل	طال	حطت

عـ عـ غـ غـ	ع	غ	عج	حٌ	بع	يغ
			بعد	تغذ		

فـ فـ قـ قـ	ف	ق	فو	قل	يف	يفر
			نور	خلق		

كـ كـ كـ ك	ك	ک	كا	كب	ثُت	كل
			تكث	ملك		

دوسرے مہینے میں سات دن پڑھائیں

تمت بالخیر

دوسرے مہینے میں چھ دن پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست |

سبق: ۳ حروفِ مُقَطَّعَات

ان حروف کو الگ الگ کرکے پڑھائیں، ہجے نہ کرائیں۔

الٓمّٓ	الٓمّٓصٓ	الٓر	الٓمّٓر
كٓهٰيٰعٓصٓ	طٰهٰ	طٰسٓمّٓ	طٰسٓ
يٰسٓ	صٓ	حٰمٓ	حٰمٓ ۚ عٓسٓقٓ
قٓ	نٓ	الٓمّٓ ۚ اللّٰهُ	

طٰسٓمّٓ: پڑھنے کی صورت: طَا سِيْمْ مِّيْمْ۔

الٓمّٓ ۚ اللّٰهُ: ملا کر پڑھنے کی صورت: اَلِفْ لَآمْ مِّيْمَ اللّٰهُ۔

تیسرے مہینے میں سات دن پڑھائیں

حرکات

ـــَــ زبر	ـــِــ زیر	ـــُــ پیش
زبر ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتا ہے	زیر ہمیشہ حرف کے نیچے ہوتی ہے	پیش ہمیشہ حرف کے اوپر مڑا ہوا ہوتا ہے

ـَـ ـِـ ـُـ ـَـ ـِـ ـُـ ـَـ ـِـ ـَـ ـُـ

(۱) زبر، زیر اور پیش کو ''حرکات'' کہتے ہیں۔

(۲) جس حرف پر زبر، زیر یا پیش ہو اس کو ''مُتَحَرِّک'' کہتے ہیں۔

(۳) مُتَحَرِّک حرف کو جلدی پڑھیں ذرا بھی نہ کھینچیں جھٹکا بالکل نہ دیں۔

(۴) الف ہمیشہ خالی ہوتا ہے اور حرکت آجائے تو اس الف کو ''ہمزہ'' کہتے ہیں۔

ـــَــ زبر

اَ	ہَ	عَ	حَ	غَ	خَ	قَ
كَ	جَ	شَ	یَ	ضَ	لَ	نَ
رَ	طَ	دَ	تَ	صَ	سَ	زَ
ظَ	ذَ	ثَ	فَ	وَ	بَ	مَ

تیسرے مہینے میں چھ دن پڑھائیں

’’زیر‘‘ والے حرف کو جلدی پڑھیں، ذرا بھی نہ کھینچیں، جھٹکا بالکل نہ دیں معروف پڑھیں مجہول پڑھنے سے بچیں۔

اِ	هِ	عِ	حِ	غِ	خِ	قِ
كِ	جِ	شِ	يِ	ضِ	لِ	نِ
رِ	طِ	دِ	تِ	صِ	سِ	زِ
ظِ	ذِ	ثِ	فِ	وِ	بِ	مِ

پیش

’’پیش‘‘ والے حرف کو جلدی پڑھیں، ذرا بھی نہ کھینچیں، جھٹکا بالکل نہ دیں معروف پڑھیں مجہول پڑھنے سے بچیں۔

اُ	هُ	عُ	حُ	غُ	خُ	قُ
كُ	جُ	شُ	يُ	ضُ	لُ	نُ
رُ	طُ	دُ	تُ	صُ	سُ	زُ
ظُ	ذُ	ثُ	فُ	وُ	بُ	مُ

تیسرے مہینے میں سات دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۴ تنوین

دوزبر، دوزیر، دوپیش کو "تنوین" کہتے ہیں۔ تنوین میں "غنہ" کرنے کی بھی مشق کرائی جائے۔

"غنہ" ناک میں آواز لے جانے کا نام ہے۔

زبر کی تنوین

زبر کی تنوین میں کبھی الف اور کبھی یا لکھا جاتا ہے۔ ہجے کرتے وقت زبر کی تنوین میں "الف" اور "یا" کا نام نہ لیں۔

جیسے: بًا دوزبر "بًا"۔ دال دوزبر "دًی"۔

مًا	بًا	وًا	فًا	ثًا	ذًى	ظًا
زًا	سًا	صًا	ةً	دًى	طًا	رًا
نًا	لًا	ضًا	يًا	شًا	جًا	كًا
قًا	خًا	غًا	حًا	عًا	هًا	ءً

چوتھے مہینے میں تین دن پڑھائیں

زیر کی تنوین ٍ

مٍ بٍ وٍ فٍ ثٍ ذٍ ظٍ

زٍ سٍ صٍ تٍ دٍ طٍ رٍ

نٍ لٍ ضٍ يٍ شٍ جٍ كٍ

قٍ خٍ غٍ حٍ عٍ هٍ ءٍ

پیش کی تنوین ٌ

مٌ بٌ وٌ فٌ ثٌ ذٌ ظٌ

زٌ سٌ صٌ ةٌ دٌ طٌ رٌ

نٌ لٌ ضٌ يٌ شٌ جٌ كٌ

قٌ خٌ غٌ حٌ عٌ هٌ ءٌ

چوتھے مہینے میں چار دن پڑھائیں

حرکات اور تنوین کی مشق

ہجے اور رواں دونوں طریقوں سے پڑھائیں اور وقف بھی کرائیں۔

اَبَدًا	اَحَدٌ	اَخَذَ	اَذِنَ	اَمَرَ	اَنَا ہر جگہ پڑا نون
بَخِلَ	بَرَرَةٍ	جَعَلَ	جَمَعَ	حَسَدَ	حَشَرَ
خَشِيَ	خَلَقَ	خُلِقَ	ذَكَرَ	رَفَعَ	رَقَبَةٍ
سُرُرٌ	سَفَرَةٍ	صُحُفًا	صَمَدٌ	طَبَقٍ	طَبَقًا
طُوًى	عَبَسَ	عَدَلَ	عَلَقٍ	عَمَدٍ	عِنَبًا
غَبَرَةٌ	فَعَلَ	قَتَرَةٌ	قُتِلَ	قَدَرَ	قُرِئَ
قَسَمٌ	كَبَدٍ	كُتُبٌ	كَسَبَ	كَفَرَ	كُفُوًا
لُبَدًا	لُمَزَةٍ	لَهَبٍ	مَسَدٍ	نَخِرَةً	وَجَدَ
وَسَقَ	وَقَبَ	وَلَدَ	وَهَبَ	هُمَزَةٍ	هُدًى

وضاحت: "اَنَا" قرآن کریم میں جہاں بھی آئے اس کا الف نہیں پڑھا جائے گا۔

البتہ وقف کی صورت میں "اَنَا" ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھیں گے۔

چوتھے مہینے میں تیرہ دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق:۵ کھڑی حرکات

کھڑی حرکات تین ہیں: کھڑا زبر، کھڑی زیر اور الٹا پیش۔

کھڑا زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش کو" کھڑی حرکات" کہتے ہیں، "کھڑی حرکات" کو ایک "الف" کے برابر کھینچ کر پڑھیں گے۔

۱ کھڑا زبر

بٰ	يٰ	رٰ	مٰ	لٰ	وٰ	نٰ
ءٰ	هٰ	عٰ	غٰ	حٰ	خٰ	تٰ
ثٰ	جٰ	دٰ	ذٰ	زٰ	سٰ	شٰ
صٰ	ضٰ	طٰ	ظٰ	فٰ	قٰ	كٰ
		اٰ	هٰ	ءٰ		

پانچویں مہینے میں تین دن پڑھائیں

کھڑی زیر ٖ

نٖ	وٖ	لٖ	مٖ	رٖ	يٖ	بٖ
تٖ	خٖ	حٖ	غٖ	عٖ	هٖ	ءٖ
شٖ	سٖ	زٖ	ذٖ	دٖ	جٖ	ثٖ
كٖ	قٖ	فٖ	ظٖ	طٖ	ضٖ	صٖ
		ءٖ	هٖ	اٖ		

الٹا پیش ٗ

نٗ	وٗ	لٗ	مٗ	رٗ	يٗ	بٗ
تٗ	خٗ	حٗ	غٗ	عٗ	هٗ	ءٗ
شٗ	سٗ	زٗ	ذٗ	دٗ	جٗ	ثٗ
كٗ	قٗ	فٗ	ظٗ	طٗ	ضٗ	صٗ
		ءٗ	هٗ	اٗ		

پانچویں مہینے میں چار دن پڑھائیں

جزم (سکون)

جزم کا دوسرا نام سکون ہے، جس حرف پر جزم ہو اس کو "ساکن" کہتے ہیں۔
ساکن حرف کو پہلے والے حرف سے ملا کر پڑھیں۔

ـْـ جزم

اَاْ	اِاْ	اُاْ	اَعْ	اِعْ	اُعْ	اَثْ	اِثْ	اُثْ
اَذْ	اِذْ	اُذْ	اَظْ	اِظْ	اُظْ	اَزْ	اِزْ	اُزْ
اَسْ	اِسْ	اُسْ	اَصْ	اِصْ	اُصْ	اَحْ	اِحْ	اُحْ
اَخْ	اِخْ	اُخْ	اَهْ	اِهْ	اُهْ	اَتْ	اِتْ	اُتْ
اَطْ	اِطْ	اُطْ	اَكْ	اِكْ	اُكْ	اَقْ	اِقْ	اُقْ
اَبْ	اِبْ	اُبْ	اَجْ	اِجْ	اُجْ	اَدْ	اِدْ	اُدْ
اَشْ	اِشْ	اُشْ	اَضْ	اِضْ	اُضْ	اَغْ	اِغْ	اُغْ
اَرْ	اِرْ	اُرْ	اَفْ	اِفْ	اُفْ	اَمْ	اِمْ	اُمْ
اَوْ	اُوْ	اَیْ	اِیْ					

پانچویں مہینے میں سات دن پڑھائیں

حروفِ مدّہ

حروف مدہ تین ہیں، "الف"، "واو"، "یا"۔ حروف مدہ کو ایک "الف" کی مقدار کھینچ کر پڑھیں۔ "الف" سے پہلے "زبر" ہو تو الف مدہ ہوتا ہے۔ جیسے: باالف زبر "بَا"۔ واو ساکن سے پہلے "پیش" ہو تو واو مدہ ہوتا ہے۔ جیسے: باواو پیش "بُوْ" یا ساکن سے پہلے زیر ہو تو یا مدہ ہوتی ہے۔ جیسے: بایا زیر "بِيْ"۔

بَا	بُوْا	بِيْ	تَا	تُوْا	تِيْ	ثَا	ثُوْا	ثِيْ
حَا	حُوْا	حِيْ	خَا	خُوْا	خِيْ	رَا	رُوْا	رِيْ
زَا	زُوْا	زِيْ	طَا	طُوْا	طِيْ	ظَا	ظُوْا	ظِيْ
فَا	فُوْا	فِيْ	هَا	هُوْا	هِيْ	يَا	يُوْا	يِيْ
ءَا	اُوْا	اِيْ	جَا	جُوْا	جِيْ	دَا	دُوْا	دِيْ
ذَا	ذُوْا	ذِيْ	سَا	سُوْا	سِيْ	شَا	شُوْا	شِيْ
صَا	صُوْا	صِيْ	ضَا	ضُوْا	ضِيْ	عَا	عُوْا	عِيْ
غَا	غُوْا	غِيْ	قَا	قُوْا	قِيْ	كَا	كُوْا	كِيْ
لَا	لُوْا	لِيْ	مَا	مُوْا	مِيْ	نَا	نُوْا	نِيْ
			وَا	وُوْا	وِيْ			

پانچویں مہینے میں چھ دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ٦ حروفِ لین

حروفِ لین دو ہیں، "واو اور یا" جب کہ یہ ساکن ہوں اور ان سے پہلے زبر ہو۔ حروفِ لین کو نرم آواز کے ساتھ جلدی پڑھیں، معروف پڑھیں مجہول پڑھنے سے بچیں۔

تَوْ	تَیْ	ثَوْ	ثَیْ	دَوْ	دَیْ	ذَوْ	ذَیْ
رَوْ	رَیْ	زَوْ	زَیْ	سَوْ	سَیْ	شَوْ	شَیْ
صَوْ	صَیْ	ضَوْ	ضَیْ	طَوْ	طَیْ	ظَوْ	ظَیْ
لَوْ	لَیْ	نَوْ	نَیْ	اَوْ	اَیْ	بَوْ	بَیْ
جَوْ	جَیْ	حَوْ	حَیْ	خَوْ	خَیْ	عَوْ	عَیْ
غَوْ	غَیْ	فَوْ	فَیْ	قَوْ	قَیْ	کَوْ	کَیْ
مَوْ	مَیْ	وَوْ	وَیْ	ھَوْ	ھَیْ	یَوْ	یَیْ

چھٹے مہینے میں چار دن پڑھائیں

مشق

اٰمَنَ	اٰوٰی	اٰنِيَةٍ	اِلٰفِ	اَيْنَ	بِهٖ
جَآءَ	جِآئِئَ	هَارٍ	نَارًا	خَيْرٌ	دَاوٗدُ
رُوَيْدًا	رَضُوْا	رِجَالٌ	مٰلِكِ	شَيْءٌ	طَغٰی
طَغَوْا	طَيْرًا	عَادٍ	عَلٰی	عَيْنٌ	فِيْهِ
قَالَ	قَوْلٌ	كَانَ	كَيْدًا ۝	كَيْفَ	لَوْحٍ
لَيْسَ	مَالًا	خَوْفٍ ۝	مَآءٍ	وَيْلٌ	يَوْمٍ
يَرَهٗ	حَاسِدٍ	حَافِظٌ	دَافِقٍ	شَاهِدٍ	عَابِدٌ
عَآئِلًا	غَاسِقٍ	نَاصِرٍ ۝	وَالِدٍ	اَعُوْذُ	
اَكِيْدُ	يَخَافُ	يَدُهٗ	يُقَالُ	تُرَابًا ۝	

چھٹے مہینے میں آٹھ دن پڑھائیں

حِسَابًا	سُبَاتًا	سِرَاجًا	سَلٰمٌ	شِدَادًا
شَرَابًا	صَوَابًا	طَعَامٍ	عَذَابًا	عَطَآءً
غُثَآءً	كِتَابًا	كِرَامًا	لِبَاسًا	لِسَانًا
مَاٰبًا	مَتَاعًا	مُطَاعٍ	مَعَاشًا	مَفَازًا
مِهٰدًا	نَبَاتًا	وِفَاقًا	ثُبُوْرًا	رَسُوْلٍ
شُهُوْدٌ	قُعُوْدٌ	وُجُوْهٌ	اَثِيْمٍ	اَلِيْمٍ
بَصِيْرًا	خَبِيْرٌ	رَحِيْقٍ	شَهِيْدٌ	عَظِيْمٌ
قَرِيْبًا	كَرِيْمٍ	مَجِيْدٌ	مُحِيْطٌ ۝	نَعِيْمٍ ۝
يَتِيْمًا	يَسِيْرًا	ذٰلِكَ	قُرَيْشٍ ۝	عِيْشَةٍ

مَوْءٗدَةٌ	مَوْضُوْعَةٌ	مَوَازِيْنُهٗ	يَوْمَئِذٍ

چھٹے مہینے میں آٹھ دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۷

مشق

اَنْتَ	اِهْدِ	بَعْدُ	بَطْشَ	سَعْيَ
لَسْتَ	غُلْبًا	فَصْلٌ	قَضْبًا	يُغْنِيْ
لَغْوًا	مِسْكٌ	نَخْلًا	نَشْطًا	نَفْسٍ
يَخْشٰى	يَسْعٰى	يَتْلُوْا	يَهْدِىْ	اَلْقَتْ
اَمْهِلْ	اَلْهَمَ	دَمْدَمَ	عَسْعَسَ	اَعْبُدُ
نَعْبُدُ	يَحْسَبُ	يَشْهَدُ	سُطِحَتْ	كُشِطَتْ

اَنْتَ: ہمزہ نون زبر اَنْ، تا زبر تَ، اَنْتَ، آگے وقف: اَنْتْ۔

ساتویں مہینے میں چار دن پڑھائیں

مشق

يُسْقَوْنَ	يَفْعَلُوْنَ	يَعْمَلُوْنَ	يَعْلَمُوْنَ	يَضْحَكُوْنَ
يَكْسِبُوْنَ	وَضَعْنَا	مَايَشَآءُ	اِسْتَطَعْتُ ط	
زَكٰوةً ط	صَلٰوةً ط	بَالِغَهٗ ط	مَمْنُوْنٍ ○	مَحْفُوْظٍ
نِسَآءً ط	طُوًى ط	مَآءً ط	اَزْوَاجًا ط	اَشْتَاتًا
اَعْنَابًا ○	اَفْوَاجًا ○	اَلْفَافًا ○	اَلْحَمْدُ	اِهْدِنَا
وَالْفَتْحُ ○	وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ	يَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ○		

مَايَشَآءُ: میم الف زبر مَا، یا زبر یَ، مَایَ، شین الف مد زبر شَآ، مَایَشَآ، ہمزہ پیش ءُ، مَایَشَآءُ،
آگے وقف: مَایَشَآءْ۔

ساتویں مہینے میں چار دن پڑھائیں

ہمزہ ساکنہ

ہمزہ ساکنہ کو جھٹکے کے ساتھ پڑھیں گے۔ ہمزہ کبھی الف، کبھی واو اور کبھی یا کی شکل میں ہوتا ہے۔

تَأْتُوْنَ	كَأْسًا	رَأْيِ	مُؤْصَدَةٌ	جِئْتَ

حروف قلقلہ

حروف قلقلہ پانچ ہیں: ق، ط، ب، ج، د جن کا مجموعہ "قُطْبُ جَدٍّ" ہے جب ان حروف پر جزم ہو تو پڑھتے وقت ان کی آواز گیند کی طرح واپس لوٹے گی۔ اس کو "قلقلہ" کہتے ہیں۔

نَقْعًا	اِقْرَاْ	اُقْسِمُ	بَطْشَ	نُطْفَةٍ	اِطْعَامٌ
وَسَطْنَ	اَبْقٰى	فَارْغَبْ	فَانْصَبْ	يُبْدِئُ	اَبْوَابًا
زَجْرَةٌ	قَدْحًا	كَدْحًا	عَدْنٍ	يَدْعُوْا	يَدْخُلُوْنَ

ساتویں مہینے میں چار دن پڑھائیں

را کے قاعدے

① "را" پر زبر، پیش، یا دو زبر، دو پیش ہوں تو "را" پُر یعنی موٹی پڑھی جائے گی۔

مِصْرَ	اَنْشَرَ	يَشْرَبُ	حُشِرَتْ	نُشِرَتْ	فَرَغْتَ
رَفَعْنَا	عِبْرَةً	مَنْ ۜ رَاقٍ	بَلْ ۜ رَانَ	زَجْرَةٌ	تَذْكِرَةً
مُسْفِرَةٌ	مِنَ الْمُعْصِرٰتِ	كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ			
اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ	يَخْرُجُ	يَنْظُرُوْنَ	مَسْرُوْرًا		
وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ	صَبْرًا	يُسْرًا	خَيْرٌ	يَسِيْرٌ	

② را کے نیچے زیر یا دو زیر ہوں تو "را" باریک ہوگی۔

قِطْرِ ط	تَعْرِفُ	مَجْرٖىهَا	وَالْعَصْرِ ۝	مَعَ الْعُسْرِ
تَجْرِىْ	مَا الْقَارِعَةُ ۝	لَيْلَةُ الْقَدْرِ	عَشْرٍ	
شَهْرٍ ۝	فَجْرِ ط	قَدْرٍ		

ط آواز بند کر کے سانس توڑے بغیر تھوڑی دیر ٹھہر جانا "سکتہ" ہے۔ اور یہ سکتہ صرف چار جگہ ہے۔ ① سورۃ الکھف: عِوَجًا ۜ قَيِّمًا۔ ② سورۃ یٰسٓ: مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا۔ ③ سورۃ القیٰمۃ: مَنْ ۜ رَاقٍ۔ ④ سورۃ المطففین: بَلْ ۜ رَانَ۔

ط اس کو ایسے پڑھا جائے جیسے اردو زبان میں "قطرے" کی را۔

ساتویں مہینے میں چار دن پڑھائیں

٣ "راساکن" سے پہلے اگر زبر یا پیش ہو تو "را" پُر (موٹی) ہوگی۔

اَنۡذَرۡنَا	تَرۡهَقُ	فَارۡغَبۡ	بَرۡدًا	اٰثَرۡنَ

قُرۡاٰنًا	قُرۡاٰنٌ	ذُوالۡعَرۡشِ الۡمَجِيۡدُ	اَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ

٤ "راساکن" سے پہلے اگر زیر ہو تو "را" باریک ہوگی۔

فَاصۡبِرۡ	اِرۡبَةٍ	مِرۡيَةٍ

٥ "راساکن" کے بعد اگر موٹے حروف (خ، ص، ض، ط، ظ، غ، ق) میں سے کوئی حرف اسی کلمے میں آجائے تو "را" پُر (موٹی) ہوگی۔

فِرۡقَةٍ	مِرۡصَادٍ	قِرۡطَاسٍ

٦ "راساکن" سے پہلے زیر دوسرے کلمے میں ہو تو "را" پُر (موٹی) ہوگی۔

رَبِّ ارۡجِعُوۡنِ	مَنِ ارۡتَضٰى

٧ "راساکن" سے پہلے زیر عارضی ہو تو "را" پُر (موٹی) ہوگی۔

اِرۡتَبۡتُمۡ	اِرۡحَمۡ	اِرۡجِعۡ

مَنِ ارۡتَضٰى: میم زبر مَ، نون را زیر نیز مَنِ ارۡ، تا زبر تَ، مَنِ ارۡتَ، ضاد کھڑا زبر ضٰى، مَنِ ارۡتَضٰى، آگے وقف: مَنِ ارۡتَضٰى۔

	دستخط سرپرست		دستخط معلم/معلمہ	ساتویں مہینے میں چار دن پڑھائیں

سبق:۸ تشدید

۱ تین دندانوں والی اس شکل (ّ) کو "تشدید" کہتے ہیں۔

۲ جس حرف پر تشدید ہو اس کو "مشدَّد" کہتے ہیں۔

۳ مشدد حرف دو بار پڑھا جاتا ہے۔ ایک مرتبہ اپنے سے پہلے والے متحرک حرف کے ساتھ ملا کر، دوسری مرتبہ اپنی حرکت کے ساتھ۔ جیسے: ہمزہ باز بر "اَبْ"، باز بر بَ "اَبَّ"۔

۴ مشدد حرف سختی اور جماؤ کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

اُثَّ	اِثَّ	اَثَّ	اُتَّ	اِتَّ	اَتَّ	اُبَّ	اِبَّ	اَبَّ
اُخَّ	اِخَّ	اَخَّ	اُحَّ	اِحَّ	اَحَّ	اُجَّ	اِجَّ	اَجَّ
اُرَّ	اِرَّ	اَرَّ	اُذَّ	اِذَّ	اَذَّ	اُدَّ	اِدَّ	اَدَّ
اُشَّ	اِشَّ	اَشَّ	اُسَّ	اِسَّ	اَسَّ	اُزَّ	اِزَّ	اَزَّ
اُطَّ	اِطَّ	اَطَّ	اُضَّ	اِضَّ	اَضَّ	اُصَّ	اِصَّ	اَصَّ
اُغَّ	اِغَّ	اَغَّ	اُعَّ	اِعَّ	اَعَّ	اُظَّ	اِظَّ	اَظَّ
اُكَّ	اِكَّ	اَكَّ	اُقَّ	اِقَّ	اَقَّ	اُفَّ	اِفَّ	اَفَّ
اُمَّ	اِمَّ	اَمَّ	اُمَّ	اِمَّ	اَمَّ	اُلَّ	اِلَّ	اَلَّ
اُلاَّ	اِلاَّ	اَلاَّ	اُوَّ	اِوَّ	اَوَّ	اُنَّ	اِنَّ	اَنَّ
اُیَّ	اِیَّ	اَیَّ	اُءَّ	اِءَّ	اَءَّ	اُھَّ	اِھَّ	اَھَّ

آٹھویں مہینے میں پانچ دن پڑھائیں

تشدید کی مشق

بُرِّزَ — حُصِّلَ — صَدَّقَ — عَدَّدَ — قَدَّرَ

كَذَّبَ — نَعَّمَ — يَحُضُّ — قُوَّةٍ — كَرَّةٌ

سُعِّرَتْ — قَدَّمَتْ — كَذَّبَتْ — زُوِّجَتْ — سُجِّرَتْ

فُجِّرَتْ — سُيِّرَتْ — عُطِّلَتْ — كُوِّرَتْ — نُيَسِّرُهُمْ

اَلْبَيِّنَةُ — قَيِّمَةٌ ط — عَشِيَّةً — مُذَكِّرٌ — اَيَّانَ

اِيَّاكَ — تَجَلّٰى — اِيَّاىَ ط — يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط

عَدُوٌّ ط — تَوَلّٰى — تَوَّابًا — ثَجَّاجًا — غَسَّاقًا

مَفَرُّ ط — اَذَلَّ — وَالْمُعْتَرَّ ط — مُمَدَّدَةٍ ۝

مُكَرَّمَةٍ ۝ — وَالسَّمَآءِ — وَالتَّرَآئِبِ

آٹھویں مہینے میں چار دن پڑھائیں

وَالسّٰبِحٰتِ	فَالسّٰبِقٰتِ	فَالْمُدَبِّرٰتِ

ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ط	فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ

مَرُّوْا	رَبِّيْ	مُدَّتْ	حُقَّتْ	وَتَبَّ

تَبَّتْ	اَحَطْتُّ	وَالصُّبْحِ	وَالشَّمْسِ

فَظَلُّوْا ط	فِي الْحَجِّ	سَامِرِيٌّ ط	بِمُصْرِخِيَّ ط

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۙ	سِجِّيْلٍ	سِجِّيْنٌ

لے دوسرے ہمزہ کو نرمی کے ساتھ پڑھیں گے، اس کو "تسہیل" کہتے ہیں۔

آٹھویں مہینے میں تین دن پڑھائیں

لِحُبِّ الْخَيْرِ	مَا الطَّارِقُ	يَزَّكّٰى	يَذَّكَّرُ
مُدَّثِّرُ	عِلِّيِّيْنَ ۝	عِلِّيُّوْنَ ۝	اِلَّا الَّذِيْنَ

غُنَّہ

ایک الف کی مقدار ناک میں آواز لے جانے کو "غنہ" کہتے ہیں، نون اور میم پر تشدید ہو تو ہمیشہ غنہ ہوتا ہے۔

يَظُنُّ	جَنَّةٍ	ثُمَّ	مِمَّ	اَيْدِيْهِنَّ ط
عَلَيْهِنَّ ط	لَا تَاْمَنَّا	وَالنّٰشِطٰتِ	وَالنّٰزِعٰتِ	
بِالْخُنَّسِ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۝	مُسَمًّى ط	مُزَّمِّلُ		
فِي الْيَمِّ	اِنَّ الْجَنَّةَ	اِنَّ الَّذِيْنَ		

ہدایت برائے محترم معلم/معلمہ! آٹھویں، نویں اور دسویں مہینے میں سولہ دن پڑھانے کے بعد آخری چار دنوں میں طلبا/طالبات کو قرآن کریم کی چند سورتیں یاد کرانی ہیں، جس کی تفصیل نورانی قاعدے کے بعد حفظ سورۃ کے نصاب صفحہ 63 پر موجود ہے۔

ط نون کو ادا کرتے وقت ہونٹ گول کریں گے۔ اس کو "اشمام" کہتے ہیں۔

آٹھویں مہینے میں چار دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۹ نون ساکن اور تنوین کے قاعدے

نون ساکن اور تنوین کے چار قاعدے ہیں:

① اظہار ② اخفاء ③ اقلاب ④ ادغام

اظہار

نون ساکن یا تنوین کے بعد حروف حلقی کے چھ حروف "ء، ہ، ع، ح، غ، خ،" میں سے کوئی حرف آئے تو نون ساکن اور تنوین کی آواز کو غنہ کیے بغیر جلدی پڑھیں گے۔

مَنْ اٰمَنَ	مِنْ هَادٍ	مِنْ عَلَقٍ	وَانْحَرْ
مِنْ غَيْرِهٖ	مِنْ خِلَافٍ	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	
عَذَابًا اَلِيْمًا	نَارٌ حَامِيَةٌ	نَخْلٍ خَاوِيَةٍ	

وَانْحَرْ: واؤ نون زبر وَنْ، حا راز بر حَرْ، وَانْحَرْ، آگے وقف: وَانْحَرْ۔

نویں مہینے میں دو دن پڑھائیں

اخفا

نون ساکن یا تنوین کے بعد اخفا کے پندرہ حروف؛

"ت، ث، ج، د، ذ، ز، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ف، ق، ك"

میں سے کوئی حرف آئے تو نون ساکن یا تنوین کی آواز ناک میں چھپا کر ایک الف کے برابر پڑھیں گے۔

كُنْتُ	اُنْثٰى	حُبًّا جَمًّا	عِنْدَ ذِى الْعَرْشِ	اَنْذِرْ
اَنْزَلْنَا	عَنْ سَبِيْلِهٖ	اَنْشَرَ	تُنْصَرُوْنَ	مَنْضُوْدٍ
مَنْ طَغٰى	يَنْظُرُ الْمَرْءُ	كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ		
اَنْقَضَ	لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ	كِرَامًا كَاتِبِيْنَ		

نویں مہینے میں تین دن پڑھائیں

اقلاب

نون ساکن یا تنوین کے بعد "با" آئے تو نون ساکن یا تنوین کو میم سے بدل کر غنہ کے ساتھ پڑھیں گے۔ اس کو "اقلاب" کہتے ہیں۔

مِنْ بَعْدِ	لَيُنْبَذَنَّ	مَنْ بَخِلَ
بِذَنْبِهِمْ	لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ	مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ

ادغام يَرْمَلُوْنْ

حروف ادغام چھ ہیں: " ی، ر، م، ل، و، ن " ان کو "حروف یرملون" کہتے ہیں۔

ادغام بلاغنہ

نون ساکن یا تنوین کے بعد "ل" یا "ر" میں سے کوئی حرف آئے تو بغیر غنہ کے ملا کر پڑھیں گے۔

ادغام "ر"

عِيشَةٍ رَّاضِيَةٍ	رَءُوفٌ رَّحِيمٌ	مِنْ رَّبِّكَ

ادغام "ل"

صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُونَ	فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ ۝	مِنْ لَّدُنْهُ

نویں مہینے میں تین دن پڑھائیں

ادغام مع الغنہ

نون ساکن یا تنوین کے بعد حروف یَرْمَلُوْنَ کے ان چار حروف (ی، ن، م، و) میں سے کوئی ایک حرف اگر دوسرے کلمے میں آئے تو نون ساکن یا تنوین کو غنہ کے ساتھ ملا کر پڑھیں گے۔

ادغام "ی"

فَمَنْ يَّعْمَلْ	خَيْرًا يَّرَهٗ ۝	شَرًّا يَّرَهٗ ۝	مِيْقَاتًا يَّوْمَ

ادغام "ن"

مِنْ نَّصِيْرٍ	اَنْ نَّمُنَّ	سُلْطَانًا نَّصِيْرًا

ادغام "م"

مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ	خَيْرٌ مِّنْهُ

ادغام "و"

مِنْ وَّالٍ	قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۙ	سِرَاجًا وَّهَّاجًا

نون ساکن یا تنوین کے بعد (ی، و) میں سے کوئی ایک حرف اسی کلمے میں آجائے تو پھر ادغام نہیں ہوگا۔ غنہ کے بغیر اس کو ظاہر کر کے پڑھیں گے۔ قرآن کریم میں اس قاعدے کے یہی چار کلمات ہیں۔

دُنْيَا	قِنْوَانٌ	صِنْوَانٌ	بُنْيَانٌ

نویں مہینے میں چار دن پڑھائیں

میم ساکن کے قاعدے

اظہار (میم ساکن کا اظہار)

میم ساکن کے بعد "با" اور "میم" کے علاوہ کوئی اور حرف آئے تو میم ساکن کو ظاہر کر کے بغیر غنہ کے جلدی پڑھیں گے۔

لَكُمْ دِيْنُكُمْ	هُمْ فِيْهَا	اَنْعَمْتَ

اخفاء (میم ساکن کا اخفاء)

میم ساکن کے بعد "با" آئے تو میم ساکن کو غنہ کے ساتھ پڑھیں گے۔

تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ	اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ

ادغام (میم ساکن کا ادغام)

میم ساکن کے بعد "میم" آئے تو میم کو دوسرے میم سے ملا کر غنہ کے ساتھ پڑھیں گے۔

اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ	لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ

اَنْعَمْتَ: ہمزہ نون زبر اَنْ، عین میم زبر عَمْ، اَنْعَمْ، تا زبر تَ، اَنْعَمْتَ، آگے وقف: اَنْعَمْتْ۔

نویں مہینے میں دو دن پڑھائیں

نونِ قُطنی

قرآن کریم میں بعض جگہوں پر الف کے نیچے چھوٹا سا نون لکھا جاتا ہے اور اس نون کے نیچے ہمیشہ زیر ہوتی ہے۔ اس چھوٹے نون کو "نون قطنی" کہتے ہیں۔ اس کو ملا کر پڑھتے وقت نون پڑھیں گے۔

نُوحُ ٱبْنَهُ	فَخُورًا ٱلَّذِينَ	لُمَزَةٍ ٱلَّذِى

(ہدایت برائے محترم معلّم/معلّمہ)

پہلے کلمے کے آخری حرف پر وقف کریں، دونوں کلموں کو ملا کر نہ پڑھیں تو اس وقت نون قطنی نہیں پڑھا جائے گا جیسے: "لُمَزَةْ ٱلَّذِى۔"

طلبا/طالبات کو دونوں کلموں کو ملا کر پڑھنے اور پہلے کلمے پر وقف کرنے کی صورت میں پڑھنے کی خوب مشق کرائیں۔

لفظ "اَللّٰه" کے لام کے قاعدے

① لفظ "اللّٰهُ" اور "اَللّٰهُمَّ" کے لام سے پہلے زبر یا پیش ہو تو لفظ "اللّٰهُ" اور "اَللّٰهُمَّ" کا لام پُر پڑھا جائے گا۔ جیسے: هُوَ اللّٰهُ۔ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔

② لفظ "اللّٰهُ" اور "اَللّٰهُمَّ" کے لام سے پہلے زیر ہو تو لام باریک پڑھا جائے گا۔ جیسے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔

واضح رہے کہ لفظ "اللّٰهُ" اور "اَللّٰهُمَّ" کے لام کے علاوہ باقی سب لام باریک پڑھیں گے۔ جیسے: مَاوَلّٰهُمْ۔

زبر کی مثال:	مِنَ اللّٰهِ	اَللّٰهُمَّ
پیش کی مثال:	رَسُوْلُ اللّٰهِ	قَالُوا اللّٰهُمَّ
زیر کی مثال:	بِسْمِ اللّٰهِ	قُلِ اللّٰهُمَّ

نویں مہینے میں دو دن پڑھائیں	دستخط معلّم/معلّمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ١٠ مد کا بیان

(١) مد لازم: حروف مدہ کے بعد والے حرف پر اگر جزم یا تشدید ہو تو مد لازم ہوگا۔

(٢) مد متصل: حروف مدہ کے بعد ہمزہ اسی کلمہ میں ہو تو مد متصل ہوگا۔

(٣) مد منفصل: حروف مدہ کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں ہو تو مد منفصل ہوگا۔

نوٹ: (١) مد لازم کے پڑھنے کی مقدار تین الف کے برابر ہے۔

(٢) مد متصل اور مد منفصل کے پڑھنے کی مقدار تین یا چار الف کے برابر ہے۔

مد لازم

ضَآلًّا	دَآبَّةٍ	حَآجَّكَ	حَآجُّوكَ	لَضَآلُّوْنَ○
وَلَا الضَّآلِّيْنَ	اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ	وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ	وَالصّٰٓفّٰتِ	
مُضَآرٍّ	جَآءَتِ الصَّآخَّةُ○	وَلَا جَآنٌّ○		
صَوَآفَّ	آٰلْئٰنَ			

مد متصل: فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى○

مد منفصل: اِلَيْنَآ اٰيَابَهُمْ○

دسویں مہینے میں چار دن پڑھائیں

خاتمہ اجرائے قواعد ضروریہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

جَزَآءً	مَلٰٓئِكَةُ	اِنَّآ اَعْطَيْنَا
صُحُفًا مُّطَهَّرَةً	اَبْصَارُهَا	وَاَنْزَلْنَا

اَكْلًا لَّمًّا وَّ تُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۝

عَادَا ۨ الْاُوْلٰى ۝	قَدِيْرُ ۨ الَّذِىْ

دسویں مہینے میں تین دن پڑھائیں

مُطَهَّرَةٍ ۙ بِاَيْدِىْ سَفَرَةٍ ۙ ○ كِرَامٍ ۢ بَرَرَةٍ ○

لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ○

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ○ اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ ○

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ○

اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ○ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ○

دسویں مہینے میں تین دن پڑھائیں

یہ کلمات وہ ہیں جو موافق رسم خط قرآن کریم کے لکھنے میں اور طرح ہیں اور پڑھنے میں اور طرح

لکھنے کی صورت	پڑھنے کی صورت	پارہ نمبر مع رکوع	لکھنے کی صورت	پڑھنے کی صورت	پارہ نمبر مع رکوع
اَنَا	اَنَ	جس جگہ بھی ہو	لَنْ نَّدْعُوَا	لَنْ نَّدْعُوَ	پ۱۵ رکوع ۱۴
يَبْصُطُ	يَبْسُطُ	پ۲ رکوع ۱۶	لِشَایْءٍ	لِشَیْءٍ	پ۱۵ رکوع ۱۶
اَفَا۠ئِنْ	اَفَئِنْ	پ۴ رکوع ۶	لٰكِنَّا ۚ	لٰكِنَّ ۖ	پ۱۵ رکوع ۱۷
لَا۟اِلَى اللّٰهِ	لَاِلَى اللّٰهِ	پ۴ رکوع ۸	لَا۟اَذْبَحَنَّهٗ	لَاَذْبَحَنَّهٗ	پ۱۹ رکوع ۱۷
بَصْۜطَةً	بَسْطَةً	پ۸ رکوع ۱۶	لَا۟اِلَى الْجَحِيْمِ	لَاِلَى الْجَحِيْمِ	پ۲۳ رکوع ۶
مَلَا۟ئِهٖ	مَلَئِهٖ	جس جگہ بھی ہو	لِيَبْلُوَا	لِيَبْلُوَ ۖ	پ۲۶ رکوع ۵
وَلَا۟اَوْضَعُوْا	وَلَاَوْضَعُوْا	پ۱۰ رکوع ۱۳	نَبْلُوَا	نَبْلُوَ ۖ	پ۲۶ رکوع ۸
ثَمُوْدَا۟	ثَمُوْدَ	پ۱۹ رکوع ۲	لَا۟اَنْتُمْ	لَاَنْتُمْ	پ۲۸ رکوع ۵
الرَّسُوْلَا ۚ	الرَّسُوْلَ ۖ	پ۲۲ رکوع ۵	سَلٰسِلَا۟	سَلٰسِلَ ۖ	پ۲۹ رکوع ۱۹
لِتَتْلُوَا۟	لِتَتْلُوَ ۖ	پ۱۳ رکوع ۱۰	قَوَارِيْرَا۟	قَوَارِيْرَ ۖ	پ۲۹ رکوع ۱۹
الظُّنُوْنَا ۚ	الظُّنُوْنَ ۖ	پ۲۱ رکوع ۱۸	السَّبِيْلَا ۚ	السَّبِيْلَ ۖ	پ۲۲ رکوع ۵

لکھنے کی صورت	پڑھنے کی صورت	پارہ نمبر مع رکوع
بِئْسَ الِاسْمُ	بِئْسَ لِسْمُ	پ۲۶ رکوع ۱۴

یہ تمام کلمات خوب یاد کرادیے جائیں۔

دسویں مہینے میں چار دن پڑھائیں

علامات وقف

① ○ وقف تام۔ ② م وقف لازم۔

③ ط وقف مطلق۔ ④ ج وقف جائز۔

ان چار پر وقف کر کے آگے سے ابتدا کریں۔

⑤ ز وقف مُجوَّز۔

⑥ ص وقف مُرَخَّص۔

⑦ صلے وصل بہتر۔

⑧ ق قیل علیہ الوقف (یعنی بعض کے نزدیک یہاں وقف ہے)

ان چار پر ضرورت کی بنا پر وقف کر کے آگے سے ابتدا کریں۔

⑨ صل یعنی ملا کر پڑھو۔ اگر وقف کریں تو اعادہ کریں یعنی پیچھے سے لوٹائیں۔

⑩ س سکتہ: سانس نہ ٹوٹے یعنی سانس توڑے بغیر تھوڑی دیر رکیں۔

⑪ لا یعنی اس کے بعد سے ابتدا نہ کرو اگر یہ علامت آیت کے درمیان میں ہو۔

دسویں مہینے میں دو دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

قرآن کریم

حفظ سورۃ کا نصاب

محترم معلم/معلمہ! آٹھویں مہینے سے بچے کو سورہ فاتحہ اور عمّ پارہ کی آخری تین سورتیں تجوید کے ساتھ زبانی یاد کرانی ہیں، جن کی یومیہ ترتیب درج ذیل ہے:

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ اور سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ

آٹھویں مہینے میں چار دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سُوْرَةُ الْفَلَقِ

نویں مہینے میں چار دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سُوْرَةُ النَّاسِ

دسویں مہینے میں چار دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

ہدایت برائے محترم معلم/معلمہ

قرآن کریم کی سورتیں تجوید کے ساتھ یاد کرائیں اور طلبا/ طالبات کو اس بات کا پابند کریں کہ قرآن کریم تجوید کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں۔

اِیمانیات

📖 **ایمانیات:** ہر مسلمان کے لیے جن باتوں پر دل سے یقین رکھنا ضروری ہے ان کو "ایمانیات" کہتے ہیں۔

سبق: ۱ کلمۂ طیبہ

📖 "لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔" (۱)

📖 ترجمہ: "اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔"

📖 اس کلمے کو "کلمۂ طیبہ" کہتے ہیں۔

📖 کلمۂ طیبہ کو زبان سے کہنا اور دل سے اس کی تصدیق کرنا ہر مسلمان کے لیے بہت ضروری ہے۔

📖 کلمۂ طیبہ کا مطلب یہ ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی ہر بات مانیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پیارے طریقوں پر عمل کریں۔

☆ کلمۂ طیبہ کو کم از کم سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہیے اور دوسروں کو بھی یہ کلمہ سکھانا چاہیے۔

☆ جو اس کلمہ کو جتنا زیادہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اُس سے اتنے ہی زیادہ خوش ہوں گے۔

سبق: ①	پہلے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۲ کلمۂ شہادت

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔[۲]

ترجمہ: ''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ (تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ (تعالیٰ) کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔''

اس کلمے کو ''کلمۂ شہادت'' کہتے ہیں۔

اس کلمے میں ہم دو باتوں کی گواہی دیتے ہیں:

① توحید ② رسالت

توحید: کا مطلب ہے ''اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا۔''

رسالت: کا مطلب یہ ہے ''حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کا رسول ماننا۔''

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جو شخص اِخلاص کے ساتھ اس بات کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں وہ جنت میں داخل ہوگا۔''[۳]

سبق: ② دوسرے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلّم/معلّمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۳ اللہ تعالیٰ

- اللہ تعالیٰ ایک ہے۔
- اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں ہے۔
- اللہ تعالیٰ سب سے بڑے ہیں۔
- اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ طاقت والے ہیں۔
- اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔
- ہمیں، ہمارے ماں باپ، بہن بھائیوں اور ساری دنیا کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے۔
- زمین، آسمان، سورج، چاند، ستارے سب اللہ تعالیٰ نے پیدا کیے ہیں۔
- اللہ تعالیٰ سب کچھ کر سکتے ہیں اور ساری مخلوق اللہ تعالیٰ کی مرضی اور حکم کے بغیر کچھ بھی نہیں کر سکتی۔
- اللہ تعالیٰ ساری مخلوق کو روزی دینے والے ہیں۔
- اللہ تعالیٰ ہم سے بہت محبت کرتے ہیں اور دنیا کی ساری چیزیں اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے پیدا کی ہیں۔

☆ ہمیں بھی اللہ تعالیٰ سے محبت کرنی چاہیے اور اللہ تعالیٰ کی ہر بات ماننی چاہیے۔

☆ جب ہم اللہ تعالیٰ کی باتوں کو مان کر زندگی گزاریں گے تو اللہ تعالیٰ ہم سے خوش ہو جائیں گے اور ہمیں جنت میں داخل فرمائیں گے۔

سبق: ③ تیسرے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۴ اسمائے حسنیٰ

- اسمائے حسنیٰ: اللہ تعالیٰ کے ناموں کو "اسمائے حسنیٰ" کہتے ہیں۔
- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں، جس نے ان کو یاد کیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔"(۴)

☆ اس لیے ہم سب کو یہ نام زبانی یاد کرنے چاہئیں۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں

اَلْقُدُّوْسُ	اَلْمَلِكُ	اَلرَّحِیْمُ	اَلرَّحْمٰنُ
ہر عیب سے پاک	حقیقی بادشاہ	بہت مہربان	سب پر مہربان
اَلْعَزِیْزُ	اَلْمُهَیْمِنُ	اَلْمُؤْمِنُ	اَلسَّلَامُ
سب پر غالب	نگہبانی کرنے والا	امن دینے والا	سلامت رکھنے والا
اَلْبَارِئُ	اَلْخَالِقُ	اَلْمُتَكَبِّرُ	اَلْجَبَّارُ
ٹھیک ٹھیک بنانے والا	پیدا کرنے والا	بہت بڑائی والا	خرابی درست کرنے والا

سبق: ۴ چوتھے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق:۵ ہمارا دین

- ہم سب مسلمان ہیں۔
- ہمارا دین اسلام ہے۔
- اسلام کے معنیٰ "فرماں برداری" کے ہیں۔
- اسلام ہمیں بتاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری رسول ہیں۔
- اسلام ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔
- اسلام ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے ہر حکم کو پورا کریں۔
- ہم اپنے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقوں پر عمل کریں۔
- ☆ اسلام ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم ہمیشہ اچھے کام کریں اور برے کاموں سے بچتے رہیں۔
- ☆ ہمیشہ سچ بولیں۔
- ☆ سب کے ساتھ اچھائی کریں۔
- ☆ اپنے ابو، امی، اساتذہ کی عزت کریں۔
- ☆ اپنے بھائی، بہن اور دوستوں کے ساتھ پیار اور محبت سے رہیں۔
- اسلام ہمیں دھوکہ دینے اور دوسروں کی چیز بغیر اجازت لینے سے منع کرتا ہے۔

سبق:۵	پانچویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

عبادات

📖 **عبادات:** جو اعمال اللہ تعالیٰ نے ہم پر فرض کیے ہیں (نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج وغیرہ) اور وہ اعمال جن سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں (قرآن کریم پڑھنا، اس کا حفظ کرنا، دین کا علم حاصل کرنا وغیرہ) انہیں ''عبادات'' کہتے ہیں۔

سبق:٦ وضو کا بیان

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''میرے اُمتی قیامت کے دِن بلائے جائیں گے تو وضو کے اثر سے ان کے چہرے اور ہاتھ، پاؤں روشن اور چمک رہے ہوں گے۔''(١)

وضو کرنے کا طریقہ:

☆ صاف ستھری اونچی جگہ پر قبلہ رُخ ہو کر بیٹھیں۔

☆ نیت کریں۔

📖 ''بِسْمِ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ'' پڑھیں(٢)

☆ دونوں ہاتھ گٹوں تک تین بار دھوئیں۔

☆ سیدھے ہاتھ میں پانی لے کر تین بار کلی اور مسواک کریں۔

☆ سیدھے ہاتھ میں پانی لے کر تین بار ناک میں پانی ڈالیں اور الٹے ہاتھ سے ناک صاف کریں۔

☆ دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر چہرے کو تین بار اس طرح دھوئیں کہ چہرہ کہیں سے بھی خشک نہ رہے، یعنی ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک اور پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک پورا چہرہ دھوئیں۔

☆ پہلے سیدھے پھر الٹے ہاتھ کو کہنیوں سمیت تین تین بار اچھی طرح دھوئیں، پھر ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال کر خلال کریں۔ (۳)

☆ پورے سر کا مسح کریں، اس کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو گیلا کر کے سر کے سامنے کے حصّے سے پچھلے حصّے کی طرف پھیر لیں اور دونوں شہادت کی انگلیوں کو دونوں کانوں میں گھمائیں اور انگوٹھے کانوں کے پچھلے حصے پر پھیر لیں اور دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کی پُشت گردن پر پھیر لیں۔

☆ پہلے سیدھے اور پھر الٹے پیر کو تین مرتبہ ٹخنوں سمیت الٹے ہاتھ سے اچھی طرح دھوئیں پھر الٹے ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے پیر کی انگلیوں کا خلال کریں۔

☆ خلال سیدھے پیر کی چھوٹی انگلی سے شروع کریں اور الٹے پیر کی چھوٹی انگلی پر ختم کریں۔

ہدایات برائے محترم معلّم/معلّمہ

طلبا/طالبات کو عملی طور پر سنت کے مطابق وضو کرنا سکھائیں۔

- ''کان کی لو'' • ''کہنیاں'' • ''پاؤں کے ٹخنے'' • ''انگلیوں کا خلال'' طلبا/طالبات کو اچھی طرح وضاحت سے بتائیں۔
- مسواک کے فائدے بتا کر مسواک کا اہتمام کرنے کی ترغیب دیں۔
- پانی کے اسراف سے بچنے کی ترغیب دیں۔ خصوصاً مسواک کرتے وقت اور سر کا مسح کرتے وقت پانی کا نل بند کر دیں۔

سبق: ⑨	چھٹے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلّم/معلّمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۷ نَماز کی اہمیت وفضیلت

- **نماز:** ایک خاص انداز میں اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنی بندگی کے اظہار کرنے کو "نماز" کہتے ہیں۔
- مسلمانوں پر اللہ تعالیٰ کے احکامات میں سب سے بڑا حکم "نماز" ہے۔
- نماز کا درجہ دین میں ایسا ہے جیسا کہ سر کا درجہ بدن میں۔ (۴)
- نماز، دین کا ستون ہے۔ (۵)
- نماز، جنت کی کنجی ہے۔ (۶)
- ہر مسلمان پر دن رات میں پانچ وقت کی نماز پڑھنا فرض ہے:

۱ فَجر ۲ ظُہر ۳ عَصَر ۴ مَغرِب ۵ عِشا

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
"اللہ تعالیٰ نے پانچ نمازیں فرض کی ہیں، جو شخص اچھی طرح وضو کرے اور وقت پر نماز پڑھے، رکوع بھی اچھی طرح کرے اور خشوع سے پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے کہ وہ اس کی مغفرت کرے اور جو ایسا نہ کرے اس کی اللہ تعالیٰ پر کوئی ذمے داری نہیں، چاہے مغفرت کرے، چاہے عذاب دے۔" (۷)

☆ نماز کا اسلام میں بہت اونچا درجہ ہے اور اس کی بہت فضیلت ہے اس لیے نماز سیکھ کر صحیح طریقے پر پڑھنا اور اس کا اہتمام کرنا ہر مسلمان پر ضروری ہے۔

- جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے نماز کا ثواب پچیس درجہ بڑھ جاتا ہے۔ (۸)

☆ اذان ہوتے ہی سارے کاموں کو چھوڑ کر نماز کی تیاری شروع کر دینی چاہیے۔

☆ بچے نماز اہتمام کے ساتھ جماعت سے مسجد میں پڑھیں، بچیاں اپنے گھروں میں نماز پڑھیں۔

☆ اپنے بہن، بھائیوں اور دوستوں کو بھی نماز پڑھنے کی دعوت دیا کریں۔

کلماتِ نماز

تکبیرِ تحریمہ

📖 ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔'' (۹)

☆ ترجمہ: ''اللہ سب سے بڑا ہے۔''

ثَنَا

📖 ''سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ۔'' (۱۰)

☆ ترجمہ: ''اے اللہ! ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں اور تیری تعریف کرتے ہیں اور تیرا نام بہت برکت والا ہے اور تیری بزرگی برتر ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔''

تَعَوُّذُ

📖 اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○

☆ ترجمہ: ''میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں شیطان مردود سے۔''

تَسْمِيَةٌ

📖 بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

☆ ترجمہ: ''شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے۔''

سبق: ⑦	ساتویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلّم/معلّمہ		دستخط سرپرست	

سبق:۸ سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

ترجمہ: ''تمام تعریفیں اللہ کی ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے ۝ جو سب پر مہربان، بہت مہربان ہے ۝ جو روزِ جزا کا مالک ہے ۝ (اے اللہ!) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں، اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں ۝ ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت عطا فرما ۝ اُن لوگوں کے راستے کی جن پر تو نے انعام کیا ہے ۝ نہ کہ اُن لوگوں کے راستے کی جن پر غضب نازل ہوا ہے اور نہ اُن کے راستے کی جو بھٹکے ہوئے ہیں ۝۔''

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

ترجمہ: ''کہہ دو: بات یہ ہے کہ اللہ ہر لحاظ سے ایک ہے ۝ اللہ ہی ایسا ہے کہ سب اُس کے محتاج ہیں، وہ کسی کا محتاج نہیں، ۝ نہ اُس کی کوئی اولاد ہے، اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے ۝ اور اُس کے جوڑ کا کوئی بھی نہیں ۝۔''

رکوع کی تسبیح

📖 ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ ''(۱۱)

☆ ترجمہ: ''میں اپنے عظیم رب کی پاکی بیان کرتا ہوں۔''

رکوع سے اٹھنے کی تسمیع

📖 ''سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ''(۱۲)

☆ ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ نے سن لی اس شخص کی جس نے اس کی تعریف کی۔''

قومے کی تحمید

📖 ''رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ ''(۱۳) ''حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ''(۱۴)

☆ ترجمہ: ''اے ہمارے رب! تیرے ہی لیے بہت تعریف ہے پاکیزہ اور برکت والی۔''

سجدے کی تسبیح

📖 ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى ''(۱۵)

☆ ترجمہ: ''میں اپنے بلند رب کی پاکی بیان کرتا ہوں۔''

جلسے کی دعا

📖 ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ''(۱۶)

☆ ترجمہ: ''اے اللہ! تو مجھے معاف کر اور مجھ پر رحم کر اور مجھے عافیت دے اور مجھے ہدایت دے اور مجھے رزق عطا کر۔''

تَشَهُّد

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ، (١٧)

☆ ترجمہ: ”تمام قولی عبادتیں اور تمام فعلی عبادتیں اور تمام مالی عبادتیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی! اور اللہ کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں، سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔“

ہدایات برائے محترم معلم/معلمہ

- محترم معلم/معلمہ آٹھویں مہینے میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص دونوں سورتیں ”حفظ سورۃ“ کے نصاب میں دی گئی ہیں۔ طلبا/طالبات کو یہ سورتیں ”حفظ سورۃ“ کے لیے دیے گئے وقت میں یاد کرائیں اور سبق:٨ کے تحت جو ان کے علاوہ کلمات نماز دیے گئے ہیں وہ یاد کرائیں۔
